حیا تو خیر ہی لاتی ہے

عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”حیا تو خیر ہی لاتی ہے“ ایک اور روایت میں ہے: «الحَيَاءُ خَيرٌ كُلُّهُ» یعنی حیا سراپا خیر ہے یا پھر آپ نے یہ فرمایا: «الحَيَاءُ كُلُّهُ خَيرٌ» یعنی حیا سرتاپا خیر ہے

[صحیح] [اسے امام مسلم نے روایت کیا ہے - متفق علیہ]

حیا نفس کی ایک صفت ہے، جو انسان کو ایسے عمل پر ابھارتی ہے جو عمدگی اور زیبائش کا سبب ہو اور ایسے عمل کو ترک کرنے کی ترغیب دیتی ہے، جو گندگی اور عار کا سبب ہو اس لیے حیا خیر ہی کا سبب ہوا کرتی ہے اس حدیث کا سبب ورود یہ ہے کہ ایک آدمی اپنے بھائی کو حیا نہ کرنے کی نصیحت کر رہا تھا کہ نبی ﷺ نے اس سے یہ بات ارشاد فرمائی

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/3055